پریس اطلاعات بیورو
(وزیر اعلیٰ اطلاعات کیمپس)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

21/01/2022

وزیراعلیٰ نے کووڈ پروٹوکال پر پوری طرح عمل آوری یقینی بنانے کی ہدایت دی انفیکشن کی روک تھام کے مدنظر سبھی ضروری قدم اٹھائے جائیں: وزیراعلیٰ

لکھنؤ: 21 جنوری 2022

وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ احتیاط، بیداری اور ویکسینیشن کووڈ کنٹرول کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے کووڈ پروٹوکال کی مکمل عمل آوری کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ انفیکشن کی روک تھام کے پیش نظر سبھی ضروری اقدامات کئے جائیں۔

وزیراعلیٰ آج یہاں اپنی سرکاری رہائش گاہ پر ٹیم-9 کی میٹنگ میں ریاست میں کووڈ-19 کی صورتحال کا جائزہ لے رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں روزانہ اوسطاً 25 لاکھ لوگوں کو کووڈ سے بچاؤ کا ٹیکہ لگایا جا رہا ہے۔ اس صلاحیت کو 30 لاکھ یومیہ تک بڑھایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہند کے رہنماہدایات کے مطابق انتخابی ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو احتیاطی ڈوز دینے کی تیاریاں کر لی جائیں۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ انٹیگریٹڈ کووڈ کمانڈ سینٹر (آئی سی سی سی) کو 24x7 کام کرنا چاہیے۔ ہر ضلع میں، ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ، چیف ڈیولپمنٹ افسر اور چیف میڈیکل افسر کے ذریعہ آئی سی سی سی میں روزانہ میٹنگ کر کے صورتحال کا جائزہ لیا جائے۔ لوگوں کو ٹیلی کنسلٹیشن کی سہولت فراہم کی جائے۔ ہوم آئسولیشن کے مریضوں، مانیٹرنگ کمیٹیوں کے ساتھ رابطے، ایمبولینس کی ضرورت اور ٹیلی کنسلٹیشن کے لیے الگ نمبر جاری کیے جائیں۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ وزیراعلیٰ ہیلپ لائن کے ذریعے اسپتال میں زیر علاج کووڈ مثبت لوگوں کے رشتہ داروں سے وقفے وقفے سے رابطہ کیا جائے۔ ہوم آئی سولیشن والے کووڈ مریضوں کو طبی مشاورت، طبی کٹ اور دیگر سہولیات دستیاب کرائی جائیں۔

میٹنگ میں وزیراعلیٰ کو بتایا گیا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ریاست میں کورونا انفیکشن کے 16,142 نئے کیس سامنے آئے ہیں۔ اس دوران 17,600 افراد کو کامیاب علاج کے بعد ڈسچارج کیا گیا۔ اس وقت ریاست میں کورونا کے فعال کیس کی تعداد 95,866 ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ریاست میں 02 لاکھ 41 ہزار 457 کورونا ٹیسٹ کیے گئے۔ ریاست میں اب تک 09 کروڑ 74 لاکھ 62 ہزار 647 کووڈ ٹیسٹ مکمل ہو چکے ہیں۔

پریس اطلاعات بیورو
(وزیر اعلیٰ اطلاعات کیمپس)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اتر پردیش ، لکھنؤ

21/01/2022

گزشتہ روز تک ریاست میں کورونا ویکسین کی 24 کروڑ 29 لاکھ 28 ہزار سے زیادہ خوراکیں دی جا چکی ہیں۔ ویکسین کی دونوں خوراکیں لے کر 09 کروڑ 29 لاکھ 59 ہزار سے زیادہ لوگوں کو کووڈ سے تحفظ فراہم کیا گیا۔ 63 فیصد سے زیادہ لوگوں نے کووڈ ویکسین کی دونوں خوراکیں لی ہیں۔ 14 کروڑ 22 لاکھ 24 ہزار سے زیادہ لوگوں کو کووڈ ویکسین کی پہلی خوراک ملی ہے۔ یہ تعداد ریاست کی کل آبادی کا 96.47 فیصد ہے جو ویکسینیشن کے لیے اہل ہیں۔ گزشتہ روز تک 15 سے 17 سال کی عمر کے 70 لاکھ 92 ہزار سے زائد نوجوانوں نے ویکسین کا ڈوز حاصل کیا ہے جو کہ ویکسین کے اہل نوجوانوں کی آبادی کا 50.61 فیصد ہے۔ اسی طرح 06 لاکھ 52 ہزار سے زیادہ اہل افراد نے احتیاطی ڈوز بھی حاصل کی ہے۔

☆☆☆☆☆